# باب 8 خواتین کو با اختیار بنانا

**1: قرآنِ کریم کی ایک آیت کی روشنی میں خواتین کے حقوق بیان کریں۔**

"لوگو! اپنے پرودگار سے ڈرو جس نے تم کو ایک شخص سے پیدا کیا یعنی اوُل اس سے اس کا جوڑا بنایا پھر ان دونوں سے کثرت سے مرد و عورت پیدا کر کے روئے زمین پر پھیلا دیے۔"(سورۃ النساء، آیت نمبر 1)

***OR***

"میں کسی عمل کرنے والے کے عمل کو مَرد ہو یا عورت ضائع نہیں کرتا۔ تم ایک دوسرے کے ہم جنس ہو۔"(سورۃ ال عمران، آیت نمبر:195)

**2: حدیث کی روشنی میں خواتین کے حقوق بیان کریں۔ لڑکیوں کی کفالت کے بارے میں آپ ﷺ نے کیا فرمایا؟**

نبی کریم ﷺ نے فرمایا" : جس نے دو لڑکیوں کی کفالت کی تو میں اور وہ جنت میں اس طرح داخل ہوں گے جس طرح میری یہ دو انگلیاں آپس میں قریب ہیں۔"

**3: تحریک پاکستان میں شامل خواتین کے نام لکھیں۔**

(1) محترمہ فاطمہ جناح (2) بیگم رعنا لیاقت علی خان (3) بیگم شائستہ اکرام اللہ (4) بیگم جی اے خاں (5) بیگم مولانا محمد علی جوہر (6) بیگم جہاں آرا شاہنواز

**4: سول سیکریٹریٹ پر مسلم لیگ کا جھنڈا کس نے لہرایا؟**

فاطمہ صغریٰ تحریکِ پاکستان کی ایک فعال رکن تھیں۔ 14 سال کی عمر میں انہوں نے سول سیکریٹریٹ پر مسلم لیگ کا جھنڈا لہرایا۔ اس پر انہیں حراست میں بھی لیا گیا مگر انہوں نے ہمت نہ ہاری۔

**5: لیفٹیننٹ جنرل محترمہ نگار جوہر خان کا تعلق پاک فوج کی کس کور سے تھا؟**

لیفٹیننٹ جنرل محترمہ نگار جوہر خان کا تعلق **پاکستان آرمی میڈیکل کور** سے تھا۔

**6: پنجاب کی پہلی خاتون وزیر اعلیٰ کون ہیں؟**

پنجاب کی پہلی خاتون وزیر اعلیٰ **محترمہ مریم نواز** ہیں۔

**7: ارفع کریم کس شعبے میں مہارت رکھتی تھیں؟**

ارفع کریم **کمپیوٹر ٹیکنالوجی** میں مہارت رکھتی تھیں۔

**8: خواتین پر تشدد کی تعریف کریں۔**

عالمی ادارہ صحت کے مطابق تشدّد جسمانی قوت یا جبر کا ارادتاً استعمال ہے، جس میں زخم موت، نفسیاتی تکلیف یا کسی چیز سے محرومی ممکن ہو۔ خواتین پر تشدّد، صنفی تشدّد کی ایک قسم ہے، جس کی بنا پر عورت کے جسمانی، دماغی اور بچے پیدا کرنے کی صلاحیتوں پر بُرا اثر پڑتا ہے۔

**9: پنجاب میں لڑکے اور لڑکی کی شادی کی قانونی عمر کیا ہے؟**

پنجاب میں لڑکے کی شادی کی عمر 18 سال اور لڑکی کی عمر 16 سال ہے۔

**10: محترمہ کلثوم نواز کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟**

محترمہ کلثوم نواز ایک بہادر خاتون تھیں جنہوں نے آمریت کے دور (1999ء تا 2008ء) میں **جمہوریت کی بحالی کے لئے بھرپور کردار ادا کیا۔**

گورنمنٹ کرسچن ہائی سکول ڈسکہ